فوری ریلیز کے لیے: 28/5/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے مالی سال 2027 کے بجٹ کے حصے کے طور پر نیو یارک شہر سے باہر میونسپلٹیز کے لیے مالی امداد میں $1 بلین سے زائد حاصل کیے ہیں

گورنر نے ریاست بھر کے تمام شہروں، قصبوں اور گاؤں کے لیے عارضی بلدیاتی امداد کو تین گنا بڑھا کر $150 ملین کر دیا ہے

بفلو شہر کو براہِ راست امداد میں $70 ملین ملیں گے

گورنر Hochul کی قیادت میں نیو یارک شہر سے باہر کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں اور گاؤں کے لیے ریاستی معاونت میں 60 فیصد اضافہ ہوا ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک فوری مالی دباؤ کو کم کرنے میں مدد کے لیے نیو یارک شہر سے باہر واقع میونسپلٹیز کے لیے مجموعی طور پر $1 بلین سے زائد کی مالی معاونت مختص کرے گی۔ مالی سال 2027 کے نافذ شدہ بجٹ کے حصے کے طور پر، اس اضافی فنڈنگ میں عارضی بلدیاتی امداد (Temporary Municipal Assistance, TMA) میں $100 ملین کا اضافہ شامل ہے، جو اس امدادی سلسلے سے نیو یارک شہر سے باہر تمام شہروں، قصبوں اور گاؤں کو ملنے والی فنڈنگ کی رقم کو تین گنا کر دے گا۔ یہ فنڈنگ بلدیات کے لیے امداد اور ترغیبات (Aid and Incentives for Municipalities, AIM) کی موجودہ فنڈنگ کے تناسب سے تقسیم کی جا رہی ہے، جس کے تحت بفلو، راچسٹر، سیراکیوز اور یونکرز، ہر شہر کو زیادہ سے زیادہ $15 ملین کی اضافی رقم موصول ہوگی۔ TMA کے علاوہ، گورنر اور مقننہ کی جانب سے بفلو، راچیسٹر، سیراکیوز، یونکرز، البنی اور ماؤنٹ ورنن شہروں کے لیے مجموعی طور پر $165 ملین کی بار بار ملنے والی فنڈنگ کا عزم کیا جا رہا ہے۔

"چونکہ ٹیرف جیسی خراب وفاقی پالیسیاں افراطِ زر کو بڑھا رہی ہیں اور مقامی حکومتوں کے لیے اخراجات میں مسلسل اضافہ کر رہی ہیں، اس لیے ہم مقامی علاقوں کو اضافی امداد فراہم کر رہے ہیں تاکہ مقامی ٹیکسز کو قابو میں رکھنے میں مدد دی جا سکے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "مضبوط مقامی کمیونٹیز کا مطلب ایک اور بھی مضبوط نیو یارک ہے اور یہ سرمایہ کاریاں اس بات کو یقینی بنانے میں بہت مدد دیں گی کہ ہماری مقامی حکومتیں ان کمیونٹیز کے لیے خدمات فراہم کرنا جاری رکھ سکیں جن کی وہ خدمت کرتی ہیں۔"

اسمبلی کی اکثریتی لیڈر Crystal Peoples-Stokes (کرسٹل پیپلز-اسٹوکس) نے کہا، "براہِ راست امداد کی مد میں یہ اضافی $40 ملین بفلو شہر کے لیے اس سے بہتر وقت پر نہیں دیئے جا سکتے تھے۔ جب شہر اپنے بجٹ خسارے سے نکلنے کے لیے کام کر رہا ہے، تو یہ رقم شہر کو بہتر مالی بنیاد پر لانے میں مدد دے گی، جبکہ ٹیکس دہندگان کو بوجھ کا اتنا زیادہ حصہ برداشت نہیں کرنا پڑے گا۔ نہ صرف بفلو کو فائدہ ہو رہا ہے، بلکہ مغربی نیو یارک بھر کے دیگر شہروں اور میونسپلٹیز کو بھی انتہائی ضروری امداد مل رہی ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کو مقننہ کے ساتھ کام کر کے یہ اضافی رقم حاصل کرنے پر سراہتی ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Shelley Mayer (شیلے مائر) نے کہا، "مجھے خوشی ہے کہ حتمی طور پر منظور شدہ مالی سال 2027 کے ریاستی بجٹ میں ہماری ریاست بھر میں نیو یارک شہر سے باہر کے شہروں کے لیے اہم عارضی بلدیاتی

امداد شامل ہے، جن میں وہ تین شہر بھی شامل ہیں جن کی نمائندگی کرنے پر مجھے فخر ہے، یعنی یونکرز، وائٹ پلینز، اور نیو روشیل۔ یہ فنڈنگ مقامی بجٹس کے لیے ریلیف فراہم کرے گی اور یونکرز کے لیے، یونکرز پبلک اسکولز (Yonkers Public Schools) کے لیے ریلیف فراہم کرے گی۔ یہ اضافی رقوم پراپرٹی ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کرنے میں مدد دیں گی، جبکہ اس بات کی یقین دہانی کروائیں گی کہ ہماری مقامی حکومتیں ضروری خدمات فراہم کرنا جاری رکھیں۔ یہ پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے کہ نیو یارک اپنی کمیونٹیز کے لیے قدم اٹھانا جاری رکھے۔ میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins (اینڈریا اسٹیورٹ-کزنز) کی قیادت پر اور اس بات کو یقینی بنانے پر ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ ان شہروں کو وہ معاونت ملے جس کی انہیں ضرورت ہے۔"

ریاستی سینیٹر Samra Brouk (سمرہ بروک) نے کہا، "ایک مضبوط کمیونٹی وہ ہوتی ہے جہاں ہر رہائشی کو اس معاونت اور ان وسائل تک رسائی حاصل ہو جن کی اسے ضرورت ہو۔ اسی لیے ریاست نیو یارک نے ایک حتمی بجٹ فراہم کیا ہے جس میں مقامی علاقوں کے لیے ریاست بھر میں مالی امداد شامل ہے، جس میں فنگر لیکس خطے کے لیے عارضی بلدیاتی امداد میں 18.1$ ملین اور راچیسٹر شہر کے لیے 15$ ملین شامل ہیں۔ مالی مشکلات کے دور میں، میں گورنر ہوکل (Hochul) کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں کہ وہ نیو یارک کے شہریوں کو سہارا دینے کے لیے ہماری کمیونٹیز میں سرمایہ کاری کر رہی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney (جیرمی کونی) نے کہا، "یہ رقوم راچیسٹر شہر کو اہم خدمات کے تحفظ اور ہمارے شہر کو راچیسٹر کے رہائشیوں کے لیے زیادہ قابلِ استطاعت بنانے کے لیے براہِ راست امداد کی نمائندگی کرتی ہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت کا شکرگزار ہوں اور اپنے عظیم شہر کی جانب سے یہ انتہائی ضروری اضافہ حاصل کرنے کے لیے ان کے ساتھ کام کرنے پر مجھے فخر تھا۔"

ریاستی سینیٹر Patricia Fahy (پیٹریشیا فاہی) نے کہا، "نیو یارک کے دارالحکومتی شہر کے طور پر، البنی کو طویل عرصے سے ٹیکس سے مستثنیٰ املاک کی زیادہ تعداد اور ایسی ریاستی فنڈنگ اسٹریمز کی وجہ سے مشکلات کا سامنا رہا ہے جو افراطِ زر اور بڑھتے ہوئے اخراجات کے ساتھ رفتار برقرار رکھنے میں ناکام رہی ہیں۔ یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ البنی اپنے مستقبل کے مالیاتی منظرنامے میں ایک نیا باب شروع کر سکے، شہر کے مالی مستقبل کو مستحکم کر سکے، اور بالآخر، البنی شہر کی سمت پر عوامی اعتماد بحال کر سکے۔ البنی کے رہائشی کے طور پر، مجھے فخر ہے کہ یہ ریاستی بجٹ البنی کی منفرد مالی حیثیت کو تسلیم کرتا ہے، جبکہ میئر Applyrs (اپلائرز) کی انتظامیہ کے ساتھ کام کرتے ہوئے ٹیکس دہندگان کے لیے اعتماد اور ریلیف فراہم کرتا ہے۔ ہم میئر Applyrs (اپلائرز)، ان کی انتظامیہ، اور کامن کونسل (Common Council) کے ساتھ شراکت داری جاری رکھیں گے تاکہ البنی کے منصفانہ حصے کے لیے جدوجہد کی جا سکے اور یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہمارے دارالحکومتی شہر کو ترقی کرنے کے لیے ضروری امداد ملے۔ میں اکثریتی رہنما Andrea-Stewart Cousins (اینڈریا اسٹیورٹ کزنز)، گورنر Hochul (ہوکل)، اور اپنے قانون ساز ساتھیوں کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے یہ امداد آخری مرحلے تک پہنچانے میں مدد کی۔"

ریاستی سینیٹر April N.M. Baskin (اپریل این ایم باسکن) نے کہا، "یہ فنڈنگ بفلو اور لیکاوانا جیسے شہروں کے طویل مدتی استحکام میں ایک اہم سرمایہ کاری ہے، جو مقامی حکومتوں کو پراپرٹی ٹیکس دہندگان پر مزید دباؤ ڈالے بغیر ضروری خدمات برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ بفلو شہر کے لیے، یہ اضافی معاونت میئر Sean Ryan (شان ریان) کے شہر کے بجٹ خسارے کو ختم کرنے کے منصوبے پر عمل درآمد میں مدد دے گی، جبکہ عوامی حفاظت کا تحفظ کرے گی اور رہائشیوں پر اضافی بوجھ کو کم سے کم رکھے گی۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور مقننہ میں اپنے ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے میونسپلٹیز کو درپیش مالی چیلنجز کو تسلیم کیا اور ہماری کمیونٹیز کو ترجیح بنایا۔"

ریاستی سینیٹر Rachel May (ریچل مے) نے کہا، "مرکزی نیو یارک کے شہروں سے کم وسائل کے ساتھ زیادہ کام کرنے کو کہا جا رہا ہے، جبکہ ضروری خدمات فراہم کرنے کی لاگت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اسی لیے میں نے اس سال کے ریاستی بجٹ میں اضافی فنڈنگ حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کی تاکہ مقامی حکومتیں وہ خدمات فراہم کرنا جاری رکھ سکیں جن پر رہائشی ہر روز انحصار کرتے ہیں، جبکہ شہر کی حدود کے اندر نصف املاک ٹیکس

فہرستوں سے باہر ہیں۔ ہماری مقامی حکومتوں کی معاونت کی اہمیت اور نیو یارک بھر کے رہائشیوں کے لیے ان کے اہم کام کو تسلیم کرنے پر گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کا شکریہ۔"

ریاستی سینیٹر Christopher J. Ryan (کرسٹوفر جے ریان) نے کہا، "سینیٹ سٹیز 2 کمیٹی (Senate Cities 2 Committee) کے چیئر کے طور پر، میں بالائی ریاست اور مضافاتی نیو یارک بھر کی میونسپلٹیز کو درپیش مالی دباؤ کو براہِ راست جانتا ہوں۔ یہ اضافی سرمایہ کاری شہروں، قصبوں اور گاؤں کو بڑھتے ہوئے اخراجات سنبھالنے، ضروری خدمات برقرار رکھنے، اور معاشی ترقی کی معاونت جاری رکھنے میں مدد دینے کی طرف ایک اچھا اور ضروری آغاز ہے۔ سیراکیوز جیسی کمیونٹیز، اور مرکزی نیو یارک اور ریاست بھر کی میونسپلٹیز، جن میں فلٹن اور اوسویگو شہر شامل ہیں، کو البنی سے حقیقی شراکت داری کی ضرورت ہے، کیونکہ وہ مقامی حکومتوں پر عائد مطالبات پورے کرنے کے لیے کام کر رہی ہیں۔ ہمیں اپنی کمیونٹیز کی بدلتی ہوئی ضروریات پوری کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے طویل مدتی، بامعنی طریقے تلاش کرنا جاری رکھنا چاہیئے کہ مقامی حکومتوں کے پاس کامیابی کے لیے درکار وسائل موجود ہوں، اور میں اس بامعنی فنڈنگ کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) اور مقننہ میں اپنے ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Jeremy Zellner (جیرمی زیلنر) نے کہا، "مجھے گورنر اور مقننہ میں اپنے ساتھیوں کے ساتھ کام کرنے پر فخر ہے تاکہ بفلو شہر کے لیے 70$ ملین کی تاریخی سرمایہ کاری حاصل کی جا سکے۔ جب شہر سنگین مالی چیلنجز سے گزر رہا ہے، تو یہ فنڈنگ محنتی ٹیکس دہندگان پر کچھ دباؤ کم کرے گی، جبکہ ضروری خدمات کا تحفظ کرے گی۔ ایسے وقت میں جب واشنگٹن محنتی خاندانوں کے لیے زندگی مسلسل مشکل بنا رہا ہے، یہ ظاہر کرتا ہے کہ نیو یارک میں حکومت کی ہر سطح اب بھی اکٹھی ہو سکتی ہے اور ان لوگوں کے لیے نتائج فراہم کر سکتی ہے جن کی ہم خدمت کرتے ہیں۔"

رکن اسمبلی William Magnarelli (ولیم میگناریلی) نے کہا، "یہ بجٹ سیراکیوز شہر اور 129ویں اسمبلی ڈسٹرکٹ کی دیگر میونسپلٹیز کے لیے ضروری مالی امداد فراہم کرتا ہے۔ یہ اضافی فنڈنگ واشنگٹن سے آنے والی تباہ کن کٹوتیوں کا اثر کم کرنے میں مدد دے گی اور ان مقامی علاقوں کو اپنی خدمات برقرار رکھتے ہوئے اپنے بجٹس متوازن کرنے میں مدد دے گی۔"

رکن اسمبلی Patrick Burke (پیٹرک برک) نے کہا، "نیو یارک شہر سے باہر سے سٹیز کمیٹی (Cities Committee) کے پہلے چیئرمین کے طور پر، میں جانتا تھا کہ بالائی ریاست اور مغربی نیو یارک کے شہروں کو درپیش چیلنجز سے نمٹنا ضروری ہے۔ گزشتہ سال کے دوران، میں نے ریاست بھر کے میئرز، قانون سازوں اور مقامی رہنماؤں کے ساتھ کام کیا تاکہ ایک اتحاد بنایا جا سکے جو اس بات کو یقینی بنائے کہ شہروں کی ضروریات اس سال کے بجٹ مذاکرات کا مرکزی حصہ بنیں۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے اس فوری ضرورت کو سمجھا، اور مل کر کام کرتے ہوئے ہم نے نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کے لیے حقیقی معاونت فراہم کی۔"

رکن اسمبلی Karen McMahon (کیرن میک مہون) "ہم ایک ایسے دور سے گزر رہے ہیں جس میں مالی دباؤ بڑھ چکا ہے، جو صرف انفرادی گھرانوں تک محدود نہیں بلکہ ریاست نیو یارک بھر کی میونسپلٹیز بھی اسے محسوس کر رہی ہیں۔ ان چیلنجز سے نمٹنے میں مدد کے لیے، مالی سال 2027 کے بجٹ میں شہروں، قصبوں اور گاؤں کے لیے اہم فنڈنگ معاونت شامل ہے تاکہ وہ اپنے رہائشیوں کو ضروری خدمات فراہم کرنا جاری رکھ سکیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری غیر یقینی صورتحال کے وقت میں، ریاست نیو یارک آگے بڑھ کر اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ضروری وسائل مین اسٹریٹ تک پہنچ رہے ہیں۔"

رکن اسمبلی Bill Conrad (بِل کونریڈ) نے کہا، "یہ وفاقی انتظامیہ نیو یارک کے شہریوں کے طرزِ زندگی کو شدید نقصان پہنچا رہی ہے، اور اس کے نتیجے میں ہمارے شہر، قصبے، اور گاؤں مشکلات کا شکار ہیں۔ یہی مناسب وقت تھا جبکہ ریاست اپنے شہریوں کے لیے آگے بڑھے، ایسی عملی امداد فراہم کرے جو ہمارے حلقوں کے لوگوں کو ان خدمات اور بنیادی ڈھانچے کے لیے اضافی ٹیکس بوجھ سے بچائے جن کی ان کی میونسپلٹیز معاونت کرتی ہیں اور جن پر ہم سب انحصار کرتے ہیں۔ ترقی کرتی ہوئی مقامی کمیونٹیز سب کے لیے اچھی ہوتی ہیں، اور مجھے گورنر

Hochul (ہوکل) اور قانون ساز اکثریت کے ساتھ ایک ایسی ٹیم کا حصہ ہونے پر فخر ہے جو یہ سمجھتی ہے کہ یہاں نیو یارک ریاست میں ہم مل کر کام کرتے ہیں، اور مجموعی بھلائی کے لیے ایک دوسرے کو اوپر اٹھاتے ہیں۔"

رکن اسمبلی John T. McDonald III, RPh (جان ٹی میکڈونلڈ سوئم، رجسٹرڈ فارماسسٹ) نے کہا، "ہمارے شہر ریاست نیو یارک کی میراث اور مستقبل کا ایک اہم حصہ ہیں، پھر بھی ایک سابق میئر کے طور پر، میں سمجھتا ہوں کہ بڑھتے ہوئے اخراجات اور دیگر چیلنجز کے سامنے میونسپلٹیز مالی طور پر کتنی کمزور ہو سکتی ہیں۔ اسی لیے مقامی کمیونٹیز کے لیے بامعنی معاونت فراہم کرنے کے لیے گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور اپنے قانون ساز ساتھیوں کے ساتھ شراکت داری کرنا بہت اہم ہے۔ کوہوز، رینسیلر، ٹرائے اور واٹرولیٹ کے نمائندے کے طور پر، مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہے کہ ان شہروں کو ان کی بجٹ کردہ رقم سے زائد 6.3$ ملین سے زیادہ کی اضافی امداد دی جا رہی ہے، جس سے انہیں جاری چیلنجز سے نمٹنے، اہم خدمات برقرار رکھنے، اور مقامی پراپرٹی ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کرنے میں مدد ملے گی۔"

رکن اسمبلی Jonathan Rivera (جوناتھن ریویرا) نے کہا، "مضبوط شہر اور میونسپلٹیز نیو یارک کی معیشت اور معیارِ زندگی کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، اور یہ اہم سرمایہ کاری ریاست بھر کی کمیونٹیز کو وہ ضروری خدمات فراہم کرنا جاری رکھنے میں مدد دے گی جن پر رہائشی ہر روز انحصار کرتے ہیں۔ بفلو کے لیے، یہ اضافی معاونت ایک اہم موڑ پر فراہم کی جا رہی ہے، جب ہمارا شہر عوامی حفاظت برقرار رکھنے، ٹیکس دہندگان کا تحفظ کرنے، اور طویل مدتی مالی استحکام مضبوط بنانے کے لیے کام کر رہا ہے، ایسے وقت میں جب وفاقی فنڈنگ میں کٹوتیاں اور ٹیرف کی وجہ سے بڑھتے ہوئے اخراجات مقامی حکومتوں اور ٹیکس دہندگان، دونوں پر اضافی دباؤ ڈال رہے ہیں۔ مقامی حکومتوں کو درپیش چیلنجز تسلیم کرنے اور یہاں مغربی نیو یارک اور ریاست بھر کی میونسپلٹیز کے لیے بامعنی عزم کرنے پر، میں گورنر Hochul (ہوکل) کو سراہتا ہوں۔"

رکن اسمبلی J. Gary Pretlow (جے گیری پریٹلو) نے کہا، "یہ سرمایہ کاری ہماری مقامی کمیونٹیز کے لیے ایک اہم کامیابی ہے اور بڑھتے ہوئے مالی دباؤ کا سامنا کرنے والی میونسپلٹیز کی معاونت کے لیے ریاست کے عزم کا ثبوت ہے۔ یونکرز شہر کو 15$ ملین اور ماؤنٹ ورنن شہر کو 2.5$ ملین وصول ہونے کے ساتھ، یہ رقوم ضروری خدمات کو مضبوط بنانے، مقامی کارروائیوں کی معاونت کرنے، اور ٹیکس دہندگان پر بوجھ کم کرنے میں مدد دیں گی۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارے شہروں کی ضروریات کو تسلیم کیا اور ریاست نیو یارک بھر کی کمیونٹیز کے مستقبل اور استحکام میں سرمایہ کاری جاری رکھی۔"

بفلو شہر کے میئر Sean Ryan (شان ریان) نے کہا، "یہ اضافی ریاستی معاونت بفلو کو اپنا بجٹ زیادہ مستحکم، زیادہ ذمہ دارانہ اور زیادہ پائیدار بنانے کا موقع دیتی ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، سینیٹ کی اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins (اینڈریا اسٹیورٹ-کزنز)، اسپیکر Carl Heastie (کارل ہیسٹی)، اور اپنے ریاستی وفد کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے شہر کے مالی چیلنجز کی سنگینی اور بفلو کو ذمہ دارانہ طور پر ان سے نمٹنے میں مدد دینے کی اہمیت، دونوں کو تسلیم کیا۔ یہ فنڈنگ ہمیں غیر یقینی آمدنیوں پر انحصار کم کرنے کی اجازت دے گی، جبکہ ہم ان بنیادی خدمات کا تحفظ جاری رکھیں گے جن پر ہمارے رہائشی انحصار کرتے ہیں۔"

یونکرز شہر کے میئر Mike Spano (مائیک اسپانو) نے کہا، "یہ ایک غیر معمولی سال تھا۔ ہم نے کمر کس لی، البنی گئے اور مزید فنڈنگ کی درخواست کی، اور ہماری گورنر نے ہماری اپیلیں سنیں۔ یونکرز کو ترجیح بنانے پر گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل)، اکثریتی لیڈر Andrea Stewart-Cousins (اینڈریا اسٹیورٹ-کزنز)، اور ہمارے ریاستی وفد کا شکریہ۔ یہ سرمایہ کاری ہمارا کام مزید آسان اور ہمارے اسکولوں کو بہت زیادہ مضبوط بناتی ہے۔"

راچیسٹر شہر کے میئر Malik D. Evans (مالک ڈی ایونز) نے کہا، "میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور اپنے قانون ساز وفد کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے نافذ شدہ ریاستی بجٹ میں راچسٹر اور دیگر شہروں کے لیے انتہائی ضروری اضافی فنڈنگ شامل کی، اور انہیں اس بات کو تسلیم کرنے پر سراہتا ہوں کہ نیو یارک کی میونسپلٹیز اس انتہائی غیر مستحکم قومی اور بین الاقوامی معاشی ماحول میں نمایاں مالی مشکلات کا سامنا کر رہی ہیں۔ یہ رقوم ہمیں ترقی کو آگے بڑھانے، سرمایہ کاری کو متوجہ کرنے، اور اپنے تمام رہائشیوں کو معاشی نقل و

حرکت اور نسل در نسل دولت بنانے کی راہ پر ڈالنے کی اپنی کوششیں دوگنی کرتے ہوئے نمایاں مالی چیلنجز کا سامنا کرنے میں مدد دیں گی۔"

سیراکیوز شہر کی میئر Sharon F. Owens (شیرون ایف اوونز) نے کہا، "مقامی بلدیاتی امداد میں اضافہ ہماری کمیونٹی میں ایک اہم سرمایہ کاری ہے اور ہمیں اپنا بجٹ متوازن کرنے، اپنی مالی پائیداری کو مضبوط بنانے، اور اپنے رہائشیوں کی بہتر خدمت کرنے کا موقع دیتا ہے۔ میں ریاست نیو یارک کے مالی سال 2027 کے بجٹ میں سیراکیوز شہر کے لیے مختص کی گئی اضافی 20$ ملین ریاستی امداد پر گورنر Hochul (ہوکل) اور اپنے مقامی ریاستی وفد کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ ٹیکس دہندگان کی رقم کی ذمہ دارانہ نگہبانی اور اپنے بجٹ انتظام کے مسلسل جائزے کے لیے سیراکیوز پُرعزم ہے۔"

البنی کی میئر Dr. Dorcey Applyrs (ڈورسی اپلائرز) نے کہا، "میں اس تاریخی سرمایہ کاری کے لیے دل کی گہرائیوں سے شکرگزار ہوں جو گورنر Hochul (ہوکل) نے البنی شہر میں کی ہے۔ یہ عزم ہمارے شہر کو ان منفرد مالی چیلنجز سے نمٹنے کے بہت قریب لے جاتا ہے جن کا ہمیں ایک دارالحکومتی شہر کے طور پر سامنا ہے، اور البنی کو مستقبل کے لیے زیادہ مضبوط مالی بنیاد پر استوار کرتا ہے۔ میری انتظامیہ عوامی حفاظت، معاشی ترقی، نوجوانوں، تفریح، اور ان دیگر شعبوں میں پالیسیوں کے نفاذ پر سخت محنت کر رہی ہے جن پر البنی کے رہائشیوں نے میری انتظامیہ سے عمل کرنے کو کہا ہے۔ یہ امداد یقینی بناتی ہے کہ ہم اس رفتار کو جاری رکھ سکیں، اور اپنے عظیم شہر کے رہائشیوں، سیاحوں، اور چھوٹے کاروباری مالکان کی رائے کی روشنی میں اہم اقدامات پر عمل کر سکیں۔ میں گورنر کی جانب سے اس منفرد کردار کو تسلیم کرنے کی قدر کرتی ہوں جو شہروں کی جانب سے علاقائی معیشتوں کو آگے بڑھانے اور اپنی سرحدوں سے بہت آگے کمیونٹیز کی معاونت میں ادا کیا جاتا ہے۔ اس فنڈنگ کے ذریعے گورنر البنی کو ترقی کے ایک نئے سفر پر گامزن کرنے میں معاونت فراہم کر رہی ہیں اور البنی کے ایک شاندار دارالحکومتی شہر کے بطور وژن کو یقینی بنانے میں مدد دے رہی ہیں۔"

ماؤنٹ ورنن شہر کی میئر Shawyn Patterson Howard (شاوین پیٹرسن ہاورڈ) نے کہا، "ماؤنٹ ورنن گورنر Hochul (ہوکل) کی شکرگزار ہے کہ انہوں نے مقامی حکومتوں کو درپیش مالی چیلنجز کو تسلیم کیا اور اس اضافی فنڈنگ کے ذریعے بامعنی معاونت فراہم کی۔ یہ عارضی وسائل شہر کو بقایا ذمہ داریوں سے نمٹنے، اہم نوعیت کے یک وقتی اخراجات پورے کرنے اور اپنی مالی بنیاد کو مضبوط بنانے میں مدد دیں گے، تاکہ ہم ان خدمات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھ سکیں جن پر ہمارے رہائشی انحصار کرتے ہیں، اور ساتھ ہی ٹیکس دہندگان کا تحفظ بھی کر سکیں۔"

عارضی میونسپل معاونت

مالی سال 2027 کے نافذ شدہ بجٹ میں اضافی عارضی میونسپل معاونت کے لیے 100$ ملین کی رقم حاصل کی گئی ہے، جس سے مجموعی رقم تین گنا بڑھ کر 150$ ملین ہو گئی ہے۔ یہ پروگرام جو پہلے پہل مالی سال 2025 میں دو سال کے لیے منظور کیا گیا تھا، مقامی حکومتوں کو عمومی مقاصد کے لیے امداد فراہم کرتا ہے۔ یہ فنڈنگ ریاست کے ایڈ اینڈ انسینٹیوز فار میونسپلٹیز (Aid and Incentives for Municipalities, AIMS) پروگرام پر استوار ہے، جو نیو یارک شہر سے باہر کے شہروں، قصبوں اور دیہاتوں کو ریاستی امداد فراہم کرتا ہے۔

شہروں کے لیے معاونت

مالی سال 2027 کے لیے نافذ شدہ بجٹ کے تحت درج ذیل شہروں میں بجٹ خسارے کم کرنے، جبکہ ساتھ ہی ساتھ ٹیکس دہندگان پر بوجھ کو کم سے کم رکھنے اور عوامی تحفظ برقرار رکھنے کے لیے اضافی معاونت فراہم کی گئی ہے:

- **بفلو – 70$ملین** (55$ ملین + 15$ ملین TMA)
- **راچیسٹر – 35$ملین** (20$ ملین + 15$ ملین TMA)
- **سیراکیوز – 35$ملین** (20$ ملین + 15$ ملین TMA)
- **یونکرز – 55$ملین** (40$ ملین + 15$ ملین TMA)
- **البنی – 44.4$ملین** (20$ ملین + 20$ ملین کی متفرق امداد + 4.4$ ملین TMA)

- **ماؤنٹ ورنن – $12.5ملین** ($10 ملین + $2.5 ملین TMA)۔

معاونت میں اضافہ
گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کے دور میں نیو یارک شہر سے باہر موجود کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں اور دیہاتوں کے لیے ریاستی معاونت میں $4 بلین (60 فیصد) کا اضافہ ہوا ہے۔ اس میں $1.6 بلین کے ریاست کی جانب سے برداشت کیے گئے Medicaid اخراجات، بچوں کی نگہداشت جیسی انسانی خدمات، نیز ٹرانسپورٹیشن امداد اور تحفظ عامہ کی معاونت جیسے دیگر اضافوں کے لیے $1.3 بلین کی معاونت شامل ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں